
# میپکو میگ ملتان

مئی/جون 2015

## پاکستان کی روشنیوں کو دوبارہ بحال کریں گے۔ وزیراعظم پاکستان محمد نواز شریف کا قائداعظم سولر پاور پلانٹ بہاولپور کے افتتاح کے موقع پر خطاب






وزیرمملکت برائے پانی و بجلی عابد شیر علی بٹن دبا کر فتح پور گرڈ اسٹیشن سے بجلی فراہمی کا افتتاح کر رہے ہیں

میپکو... خدمت و ترقی قدم بہ قدم

شعبہ تعلقاتِ عامہ میپکو ہیڈ کوارٹر ملتان

# تصویری جھلکیاں



...................وزیر مملکت برائے پانی وبجلی عابد شیر علی گرڈ سٹیشن کے افتتاح کے بعد معائنہ کرر ہے ہیں..................



وزیر مملکت برائے پانی وبجلی عابد شیر علی فتح پور گرڈ اسٹیشن کے افتتاح کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرر ہے ہیں



وزیر مملکت برائے پانی وبجلی عابد شیر علی فتح پور گرڈ اسٹیشن کے افتتاح کے موقع پر جلسہ سے خطاب کرر ہے ہیں



...................ممبر صوبائی اسمبلی ملتان رانا محمود الحسن میپکو ہیڈ کوارٹر میں چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مظفر علی عباسی سے ملاقات کرر ہے ہیں..................

# میپکو میگ ملتان

جلد نمبر 06 | شمارہ 03 | مئی/جون 2015ء | کل صفحات 14


## اس شمارے میں


| مضامین | صفحہ نمبر |
|---|---|
| سولر پارک کا افتتاح | 02 |
| فتح پور گرڈ اسٹیشن کا افتتاح | 04 |
| وزیر مملکت برائے پانی و بجلی کی کھلی کچہری | 05 |
| بجلی خریداری کا معاہدہ | 06 |
| اجلاس واپڈا ٹاؤن | 06 |
| اجلاس ملتان مظفرگڑھ سرکل | 07 |
| سسٹم اپ گریڈیشن کے منصوبے | 08 |
| یوایس ایڈ بریفنگ | 09 |
| اجلاس انجینئرز ایسوسی ایشن | 10 |
| ریٹائرمنٹ تقریب | 10 |
| سپورٹس کارنر | 11 |



مدیر اعلیٰ



محمد نعیم اللہ

ڈائریکٹر ایچ آر اینڈ ایڈمن

مدیر



جمشید عالم نیازی

ڈپٹی منیجر پبلک ریلیشنز


## عرضِ مدیر

## بجلی بحران کا خاتمہ حکومت کا عزم

وزیراعظم جناب میاں محمد نواز شریف کی قیادت میں موجودہ حکومت ملک سے بجلی بحران کا خاتمہ کیلئے متعدد سنجیدہ اقدامات اٹھا رہی ہے۔ بجلی کی پیدا روار کے روایتی طریقوں سے ہٹ کر جدید ٹیکنالوجی اور متبادل ذرائع سے بجلی کی پیداوار کے متعدد منصوبے زیر تکمیل ہیں جن سے آئندہ چند سالوں میں لوڈ شیڈنگ کا مکمّل خاتمہ ہو جائے گا۔ حکومت جہاں بجلی کی زیادہ پیداوار پر کام کر رہی ہے وہاں سستی بجلی کے حصول پر بھی زور دیا جا رہا ہے۔ ہوا اور شمسی توانائی کے ذریعے بجلی کی پیداوار ایسے ہی منصوبے ہیں جو کہ عوام کو سستی بجلی مہیا کرنے کا سبب بنیں گے۔ بہاولپور میں دنیا کے سب سے بڑے سولر پاور منصوبے کا باقاعدہ افتتاح جناب وزیراعظم نے گزشتہ ماہ ایک باوقار تقریب میں کیا۔ بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کے نام سے منسوب پاکستان کے پہلے سولر پاور پلانٹ سے ابتدائی طور پر 100 میگاواٹ بجلی نیشنل گرڈ میں شامل کر دی گئی ہے جو کہ منصوبے کی تکمیل پر ایک ہزار میگاواٹ ہو جائے گی اور یہاں سے انتہائی سستی بجلی عوام کو میسر آئے گی۔ میپکو نے انتہائی قلیل مدت میں ٹرانسمیشن لائن نصب کی جس سے یہ پلانٹ نیشنل گرڈ سے منسلک ہو گیا۔ جنوبی پنجاب میں اس بڑے منصوبے کا قیام نہایت خوش آئند ہے اور حکومت بجا طور پر مبارکباد کی مستحق ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ متبادل ذریعہ توانائی کے مزید منصوبے جلد از جلد پایہ تکمیل تک پہنچائے جائیں تا کہ عوام کو سستی اور بلا تعطّل بجلی میسر ہو سکے۔


فوٹوگرافی: جواد احمد

ڈیزائننگ: ساجد قریشی

پرنٹر: ایس حیدر پرنٹرز ملتان

ویب ایڈیشن: خرم جاوید

شعبہ تعلقات عامہ ملتان الیکٹرک پاور کمپنی خانیوال روڈ ملتان سے شائع کیا گیا



www.mepco.com.pk

For Con: 061-9220062

MEPCO TODAY

For Feedback:dmprmepco@gmail.com





# بہاولپور میں شمسی توانائی کے سب سے بڑے منصوبے کا افتتاح، اندھیرے ختم کرینگے۔ وزیراعظم پاکستان میاں محمد نواز شریف

وزیراعظم میاں محمد نواز شریف نے قائداعظم سولر پاور پلانٹ میں پاکستان کے پہلے 100 میگاواٹ کے شمسی بجلی گھر کا افتتاح کردیا۔ وزیراعظم نواز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان کی روشنیوں کو دوبارہ بحال کیا جائے گا اور اندھیروں، غربت، جہالت کا خاتمہ کیا جائے گا۔ 2017-18ء تک لوڈ شیڈنگ کا مکمل خاتمہ کردیا جائے گا۔ کراچی کے حالات بہتر ہوئے ہیں۔ یہ دوبارہ روشنیوں کا شہر بنے گا۔ گزشتہ روز قائداعظم سولر پارک میں شمسی توانائی کے منصوبے کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہماری ترجیح پاکستان میں بجلی کو واپس لانا، گیس کی کمی دور کرنا، دہشت گردی ختم کرنا، کراچی کے حالات درست بنانا اور مسلح جتھوں کا خاتمہ کرنا ہے۔ کراچی میں حالات بہتر ہوگئے ہیں وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان میں پہلے سیاست نے کبھی ڈیلیور نہیں کیا یہ پہلا موقع ہے کہ جمہوریت اور سول سروس عملی خدمت کرتی ہوئی نظر آرہی ہے ایک سال قبل یہاں پر ریت کے ٹیلے اور مٹی تھی اور آج سولر پینل کا سمندر نظر آرہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک بھر میں پہلی بار 46 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری ہو رہی ہے۔ اللہ نظر بد سے بچائے، چینی صدر کی آمد کے بعد

**ایک سال قبل یہاں پر ریت کے ٹیلے اور مٹی تھی اور آج سولر پینل کا سمندر نظر آرہا ہے۔ وزیراعظم پاکستان**





معاہدوں پر دستخط ہوئے تو دنیا نے دیکھا کہ پاکستان تیزی سے ترقی کی جانب گامزن ہے۔ چین کی مدد سے ترقیاتی منصوبوں کی تیزی کے ساتھ تکمیل کو یقینی بنانے کیلئے ایک کمیٹی قائم کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ میں خود بھی منصوبوں کا جائزہ لوں گا تا کہ یہ منصوبے مقررہ وقت میں مکمل ہوں۔ وزیراعظم نے کہا کہ ہم سستی بجلی پیدا کر رہے ہیں۔ بجلی کی قیمت میں مجموعی طور پر 5.79 روپے فی یونٹ کی کمی ہوئی۔ میڈیا کو اس پر نظر ڈالنی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ تھر میں کوئلے سے 2000 میگاواٹ بجلی پیدا کی جائے گی۔ پورٹ قاسم میں بھی بجلی

**پاکستان کی روشنیوں کو دوبارہ بحال کیا جائے گا اور اندھیروں، غربت، جہالت کا خاتمہ کیا جائے گا۔ 2017-18ء تک لوڈ شیڈنگ کا مکمّل خاتمہ کر دیا جائے گا۔ کراچی کے حالات بہتر ہوئے ہیں۔ یہ دوبارہ روشنیوں کا شہر بنے گا۔ وزیراعظم پاکستان میاں محمد نواز شریف**

کا کارخانہ قائم کیا جا رہا ہے اور ساہیوال، بلوچستان، کے پی کے، آزاد جموں کشمیر سمیت ملک کے مختلف علاقوں میں توانائی کے منصوبوں کو تیزی سے مکمّل کیا جائے گا جن سے 10400 میگاواٹ بجلی پیدا ہوگی۔ اس کے ساتھ ساتھ حکومت ایل این جی پر بھی توجہ دے رہی ہے۔ ملک بھر میں موٹروے کے نظام سمیت تمام منصوبوں کو جلد مکمّل کیا جائے گا۔ ریلوے کی اپ گریڈیشن کا کام جاری ہے۔ کراچی، حیدر آباد، سکھر، ملتان اور لاہور موٹروے کے منصوبے شروع کئے جا چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہماری فوج نے پاکستان میں امن قائم کیا جو شاباش کی مستحق ہے۔ انہوں نے کہا کہ کراچی کے حالات بہت بہتر ہوئے ہیں۔ بھتہ خوری اور اغواء کے واقعات کا خاتمہ ہوا ہے۔ کراچی پھر روشنیوں کا شہر بنے گا۔ انہوں نے کہا کہ قائد اعظم سولر پروجیکٹ کو تین ہزار افراد نے پایہ تکمیل تک پہنچایا جو مبارکباد کے مستحق ہیں۔ انہوں نے تمام کارکنوں کے لئے دو کروڑ روپے کے انعام کا اعلان کیا۔ وزیراعظم نواز شریف نے کہا کہ ملک میں پہلی بار جمہوریت ڈیلیور کر رہی ہے۔ 2018ء صرف الیکشن کا نہیں لوڈ شیڈنگ کے خاتمے کا سال ہوگا۔ ہم نے ملک میں روشنیاں لانے کے لئے اہم ترین مسائل پر ہاتھ ڈالا ہے حکومت اور فوج نے مل کر آپریشن ضرب عضب شروع کیا۔ کراچی میں بھتہ خوری اور ٹارگٹ کلنگ کے واقعات کا خاتمہ ہوگیا۔ امن و امان کی صورتحال بہتر ہوئی سیاسی حالات کو سدھارنے کی ضرورت ہے ہم ملک کے اندر اور باہر امن چاہتے ہیں۔ افغانستان کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئی ہے۔ قبل ازیں وزیراعظم نے قائداعظم سولر پاور پلانٹ میں پاکستان کے پہلے 100 میگاواٹ کے شمسی بجلی گھر کا افتتاح کیا۔ 15 ارب روپے کی لاگت سے سولر پلانٹ آزمائشی بنیادوں پر قائم کیا گیا ہے جو 500 ایکڑ رقبے پر پھیلا ہوا ہے اور چین کی امداد سے تقریباً 11 ماہ میں مکمّل ہوا ہے جو قومی گرڈ میں 100 میگاواٹ بجلی کا اضافہ کرے گا۔ حکومت پنجاب نے پاور پلانٹ کے قیام کے اخراجات برداشت کئے۔ اس موقع پر وزیراعظم نے محکمہ ڈاک کی جانب سے جاری کردہ ایک یادگاری ٹکٹ کا بھی افتتاح کیا۔ وزیراعلیٰ پنجاب محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ بہاولپور کے صحرا میں سورج کی شعاعوں سے 100 میگاواٹ کا شمسی توانائی کا منصوبہ پاکستان کی تاریخ کا سب سے پہلا اور بڑا پراجیکٹ ہے۔ منصوبے سے جنوبی پنجاب کے اضلاع ترقی کرینگے اور علاقے میں خوشحالی کا نیا دور شروع ہوگا۔ یہ منصوبہ بجلی کی رسد و طلب میں کمی لائے گا۔ 100 میگاواٹ کا سولر منصوبہ شفافیت اور اعلیٰ معیار کا شاہکار ہے۔ بہاولپور کے صحرا میں شمسی توانائی کا منصوبہ معجزے سے کم نہیں۔ وزیراعلیٰ نے اس موقع پر بہاولپور اور گردو نواح میں انڈسٹریل اسٹیٹس بنانے کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ انڈسٹریل اسٹیٹس میں سنگل شفٹ انڈسٹری کو سولر پاور پراجیکٹ سے بھی بجلی فراہم کی جا سکے گی۔


# 2017ء کے آخر تک پاکستان سے لوڈشیڈنگ کا خاتمہ کردیں گے۔ وزیرمملکت برائے پانی وبجلی عابد شیر علی

- میپکو کے کسی بھی علاقے میں جلنے یا خراب ہونے والے ٹرانسفارمرز 24 گھنٹے میں تبدیل نہ ہونے پر متعلقہ ایکسین اور ایس ڈی او کو فارغ کر دیا جائیگا
- میپکو بجلی صارفین کی تعداد اور کارکردگی کے لحاظ سے ملک کی سب سے بڑی ڈسکو بن گئی ہے۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مظفرّ علی عباسی
- بجلی بحران کے خاتمہ سے ملک معاشی طور پر ترقی کرے گا۔ سابق صوبائی وزیر زراعت ملک احمد علی اولکھ

وزیرمملکت برائے پانی وبجلی عابد شیر علی نے کہا ہے کہ حکومت بجلی بحران کے خاتمہ کے لئے سنجیدہ ہے۔ جلد گدو پاور پلانٹ، قائد اعظم سولر پارک بہاولپور اور نندی پور پاور پلانٹ سے مجموعی طور پر 1700 میگاواٹ بجلی نیشنل گرڈ میں شامل کریں گے جبکہ 2017ء کے آخر تک پاکستان سے لوڈشیڈنگ کا خاتمہ کردیں گے۔ وہ فتح پور لیہ میں 132KV گرڈاسٹیشن کی افتتاحی تقریب کے موقع پر جلسہ سے خطاب کررہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ بجلی بحران کے خاتمہ کے لئے چین کے تعاون سے 8300 میگاواٹ بجلی کے منصوبے فوری طور پر شروع کررہے ہیں جبکہ درآمدی گیس (ایل این جی) سے 3600 میگاواٹ بجلی پیدا کی جائے گی۔ نیلم جہلم ہائیڈرو پاور پراجیکٹ سے 950 میگاواٹ، تربیلا ڈیم فیز 4، 5 (توسیعی) سے 2800 میگاواٹ بجلی 2017ء تک ملکی سسٹم میں شامل کی جائے گی۔ وزیراعظم پاکستان محمد نواز شریف کی ہدایت پر صارفین کو مجموعی طور پر ساڑھے 5 روپے فی یونٹ ریلیف فراہم کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نادہندہ اور بجلی چوری والے علاقوں میں بجلی نہیں دیں گے اور ان کے خلاف اخبارات میں اشتہارات بھی دیئے جائیں گے۔ بجلی چوری میں ملوث محکمہ کے اہلکاروں کے خلاف سخت کاروائی کریں گے۔ میپکو کی کسی بھی علاقے میں خراب ہونے اور جلنے والے ٹرانسفارمرز 24 گھنٹے میں تبدیل نہ ہونے پر متعلقہ ایکسین اور ایس ڈی او کو فارغ کردیا جائیگا۔ انہوں نے کہا کہ ماضی میں 18، 18 گھنٹے لوڈشیڈنگ ہوتی تھی ہماری حکومت نے لوڈشیڈنگ کا دورانیہ کم کرنے اور صارفین کو سہولیات فراہم کرنے کے لئے درجنوں منصوبے شروع کئے اور آج ہم 6 سے 8 گھنٹے لوڈشیڈنگ کررہے ہیں۔ انہوں نے سپرینٹنڈنگ انجینئر میپکو سرکل مظفرگڑھ ناصر ایاز گورمانی کو ہدایت کی کہ وہ سرکل کے زیر انتظام علاقوں کے صارفین کے مسائل کے فوری حل کے لئے کھلی کچہریاں لگائیں اور اس کی رپورٹ چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو کو دیں۔ قبل ازیں وزیرمملکت نے 66KV سے 132KV پر اپ گریڈ ہونے والے فتح پور گرڈاسٹیشن کا افتتاح کیا اور کہا کہ 132KV فتح پور گرڈاسٹیشن کی تکمیل سے تین لاکھ سے زائد عوام کو بہتر وولٹیج کے ساتھ بجلی کی فراہمی بھی ممکن ہوگی۔ وزیرمملکت نے مقررہ وقت سے کم مدت میں گرڈاسٹیشن مکمل کرنے والے شعبوں کے ملازمین کو ایک ماہ کی بنیادی تنخواہ بطور بونس دینے اور نئی چوبارہ سب ڈویژن کے قیام کا اعلان بھی کیا۔ ممبر قومی اسمبلی صاحبزادہ فیض الحسن نے کہا کہ وزیراعظم کی ٹیم توانائی بحران کے خاتمہ کے لئے ہر ممکن کوششیں کررہی ہے۔ موجودہ حکومت نے فتح پور، چوبارہ اور کروڑ لعل عیسن کی عوام کو زرعی ترقیاتی بینک اور 132KV فتح پور گرڈاسٹیشن کا تحفہ دیا ہے اور وزیرمملکت عابد شیر کی کاوشیں قابل ستائش ہیں۔ وہ عوام کے مسائل کے حل کے لئے جگہ جگہ جارہے ہیں اور کھلی کچہریاں لگا کر مسائل حل کررہے ہیں۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مظفرّ علی عباسی نے کہا کہ میپکو صارفین کے بعد کارکردگی کے لحاظ سے بھی ملک کی سب سے بڑی بجلی کی تقسیم کار کمپنی بن گئی ہے۔ صارفین کو بہتر وولٹیج کے ساتھ بجلی فراہم کرنے اور ٹرپنگ کی شکایات سے نجات دلانے کے لئے ریجن بھر میں گرڈاسٹیشنوں کے 17 منصوبے مکمل کئے گئے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ 132KV فتح پور گرڈاسٹیشن 15 کروڑ روپے کی لاگت سے مکمل کیا گیا ہے اور اس میں 10/13 ایم وی اے کے دو پاور ٹرانسفارمرز نصب کئے گئے ہیں۔ اس گرڈاسٹیشن کی اپ گریڈیشن سے 66KV کروڑ لعل عیسن گرڈاسٹیشن سے منسلک صارفین کو بھی بہتر وولٹیج کے ساتھ بجلی فراہمی ممکن ہوگئی ہے جبکہ 11KV وکیل والا، باری شریف، موج گڑھ، شاہی نگر، انڈس، شوکت والا، شاہی ڈوگر، آصف پلی، ہیڈ تاتر اور فتح پور سٹی فیڈرز سے منسلک 3 لاکھ صارفین کی بھی ٹرپنگ اور کم وولٹیج کی شکایات ختم ہوگئی ہیں۔ سابق صوبائی وزیر زراعت ملک احمد علی اولکھ نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کی حکومت انرجی کے مسائل کے حل کے لئے دن رات



وزیرمملکت برائے پانی وبجلی عابد شیر علی فتح پور گرڈاسٹیشن کی افتتاحی تقریب سے خطاب کررہے ہیں



وزیرمملکت برائے پانی وبجلی عابد شیر علی بٹن دبا کر فتح پور گرڈاسٹیشن سے بجلی فراہمی کا افتتاح کررہے ہیں



وزیرمملکت برائے پانی وبجلی عابد شیرعلی، ایم این اے صاحبزادہ فیض الحسن، چیف ایگزیکٹو آفیسر انجینئر مظفر علی عباسی، ایم پی اے چوہدری اشفاق 132KV فتح پور لیہ گرڈ اسٹیشن کے افتتاح کے موقع پر جلسہ سے خطاب کررہے ہیں

کررہی ہے۔ عابد شیر علی جس طرح بجلی صارفین کی شکایات حل کرنے میں کردار ادا کررہے ہیں وہ قابل ستائش ہیں۔بجلی بحران کے خاتمہ سے ملک معاشی طور پر ترقی کرے گا۔ممبر صوبائی اسمبلی چوہدری اشفاق نے بھی جلسے سے خطاب کیا۔ چیف انجینئر ڈویلپمنٹ محمد اسلم طاہر، چیف انجینئر ٹی اینڈ جی ملک سعید احمد، سپرینٹنڈنگ انجینئر میپکو سرکل مظفرگڑھ ناصر ایاز گورمانی، سپرینٹنڈنگ انجینئر جی ایس او سرکل ملتان خالد جاوید، منیجر سکیورٹی اینڈ ٹرانسپورٹ میجر (ر) فرخ جاوید گھمن، پراجیکٹ ڈائریکٹر جی ایس سی شاہد اقبال چوہدری اور دیگر افسران اس موقع پر موجود تھے۔


# عوام کے مفاد کو نقصان پہنچانے والے ملازمین کو سخت سزادیں گے۔وزیرمملکت برائے پانی وبجلی عابد شیرعلی

## 150 سے زائد ٹرانسفارمر تبدیل اور نئے لگانے کا حکم جاری بہاولپور میں منعقدہ کھلی کچہری سے خطاب



وزیرمملکت برائے پانی وبجلی عابد شیرعلی بہاولپور میں منعقدہ کھلی کچہری کے موقع پر صارفین کی شکایتیں سن رہے ہیں

وزیرمملکت برائے پانی وبجلی عابد شیرعلی نے کہا ہے کہ کھلی کچہریوں کے ذریعے عوام کی دہلیز پر جا کر مسائل حل کررہے ہیں۔عوامی شکایتوں پر اب تک پورے ملک میں 160 ملازمین کے خلاف کاروائی کر کے سزائیں دی ہیں۔عوام کے مفاد کو نقصان پہنچانے والے ملازمین کو سخت سزادیں گے۔وہ بہاولپور میں منعقدہ کھلی کچہری سے خطاب کررہے تھے۔انہوں نے کہا کہ وزیراعظم محمد نواز شریف کے حکم پر کھلی کچہریاں لگا رہا ہوں تاکہ غریب عوام کے مسائل ان کی دہلیز جا کر حل کرسکوں۔بہاولپور کے عوام کے لئے 250 ایم وی اے کا پاور ٹرانسفارمر لگا دیا ہے اب یہاں فورس لوڈشیڈنگ نہیں ہوگی۔انہوں نے کھلی کچہری میں 150 سے زائد ٹرانسفارمر تبدیل اور نئے لگانے کا حکم جاری کیا۔وزیرمملکت نے کہا کہ ٹرانسفارمر جلنے میں صارفین کو تکلیف ہونے کے ساتھ حکومت کا مالی نقصان بھی ہے۔24 گھنٹے کے اندر جلنے والا ٹرانسفارمر تبدیل کیا جائے ورنہ متعلقہ افسران ذمہ دار ہوں گے۔بہاولپور کھلی کچہری میں بہاولپور اور ملحقہ علاقوں کے ہزاروں افراد نے شرکت کی۔400 سے زائد درخواستیں موصول ہوئیں جن پر وزیرمملکت نے موقع پر ہی احکامات جاری کئے۔زیادہ تر درخواستیں ٹرانسفارمرز اپ گریڈیشن اور تبدیلی کے بارے میں تھیں جن پر انہوں نے فوری فراہمی کے احکامات جاری کئے جبکہ 15 بہاولنگر سرکل کو دینے کی ہدایت کی۔وزیرمملکت نے ہائی ٹینشن /لوٹینشن پروپوزلز، اوور بلنگ کے مسائل بھی فوری حل کرنے کے احکامات جاری کئے۔انہوں نے کہا کہ بہاولپور میں بجلی کی نئی ڈسٹری بیوشن کمپنی بیسکو (BESCO) کا قیام زیر غور ہے۔انہوں نے کہا کہ صارفین کے مسائل حل نہ کرنے والے ملازمین کو وارننگ ہے کہ وہ روش تبدیل کریں۔موسم گرما میں خرابی پر بجلی بندش کی شکایات نہیں آنی چاہئیں۔لوڈشیڈنگ کا دورانیہ شہروں میں 6 سے 7 گھنٹے، دیہاتوں میں 9 سے 10 گھنٹے رکھیں گے۔بعدازاں وزیر مملکت نے چیمبر آف کامرس بہاولپور کے نمائندوں سے بھی ملاقات کی۔اس موقع پر وزیرمملکت برائے تعلیم بلیغ الرحمٰن، ایم پی اے خالد محمود ججہ، چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مظفر علی عباسی، چیف انجینئر زمحمد اکرم چوہدری، فضل اللہ درانی، سیاسی شخصیات اور میپکو افسران و ملازمین کی بڑی تعداد موجود تھی۔



# میپکو اور اشرف شوگر ملز کے مابین 4.5 میگاواٹ بجلی کی خریداری کا معاہدہ طے پا گیا



چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مظفر علی عباسی اشرف شوگر ملز سے بجلی خریداری اور ڈی جی خان سیمنٹ فیکٹری میں ٹرانسمیشن لائن بچھانے کے معاہدوں پر دستاویزات کا تبادلہ کر رہے ہیں، چیف انجینئر کسٹمر سروسز راؤ ضیاء الرحمٰن اور چیف انجینئر آپریشن محمد ارشد چوہدری بھی ہمراہ ہیں

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) اور اشرف شوگر ملز کے مابین 4.5 میگاواٹ بجلی کی خریداری کا معاہدہ طے پا گیا ہے۔ میپکو ہیڈکوارٹر میں معاہدے کی دستاویزات پر دستخط کی تقریب منعقد ہوئی۔ اشرف شوگر ملز میپکو کو 4.5 میگاواٹ بجلی 7.82/kwh روپے کے ریٹ پر فروخت کرے گی۔ یہ معاہدہ ایک سال کی مدت کے لئے کیا گیا ہے۔ میپکو کی جانب سے میپکو چیف جبکہ اشرف شوگر ملز کی جانب سے معاہدے پر دستخط ڈپٹی جنرل منیجر ایڈمن بریگیڈیئر (ر) انجم سعید اختر نے کیے۔ علاوہ ازیں ڈی جی خان سیمنٹ فیکٹری کے ساتھ بھی ایک معاہدہ کیا گیا جس کے تحت ڈی جی خان سیمنٹ فیکٹری کو اپنے پمپنگ سٹیشن کو بجلی کی فراہمی کے لئے 16 کلومیٹر طویل ٹرانسمیشن لائن نصب کرنے کی اجازت دی گئی ہے جس کی استعداد 6.3 کے وی ہوگی۔ نیپرا قوانین کے تحت ڈی جی خان فیکٹری میپکو کو سالانہ وہیلنگ چارجز بھی ادا کرے گی اور یہ لائنیں بعد از تنصیب میپکو کی ملکیت ہوں گی۔ ڈی جی خان سیمنٹ فیکٹری کی جانب سے اے جی ایم الیکٹریکل عمران الحق قریشی نے دستخط کیے۔ اس موقع پر چیف انجینئر کسٹمر سروسز میپکو راؤ ضیاء الرحمٰن، چیف انجینئر آپریشن محمد ارشد چوہدری اور منیجر ٹیرف اینڈ مارکیٹنگ میپکو محمد ارشد دھرالہ بھی موجود تھے۔

## ◇ واپڈا ٹاؤن کے فیز I اور فیز II کے ذریعے میپکو ملازمین اور اہلیان ملتان کو بہترین معیار کی کالونی میسر آئی ہے۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مظفر علی عباسی

## ◇ فیز III کے رہائشیوں کو تعلیم کی سہولت ان کی دہلیز پر پہنچانے کے لئے میڈیکل کالج، انجینئرنگ کالج اور انسٹی ٹیوٹ آف الائیڈ ہیلتھ سائنسز قائم کیا جائیگا

## ◇ فیز II کے رہائشیوں کے لئے سکول بھی قائم کیا جا رہا ہے جبکہ فیز I میں ریسٹورنٹ اور بیکرز کا قیام عمل میں لایا جا رہا ہے۔ سیکرٹری سعید احمد خان کی بریفنگ



چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو، صدر واپڈا ٹاؤن مینجمنٹ کمیٹی انجینئر مظفر علی عباسی اور سیکرٹری واپڈا ٹاؤن سعید احمد خان اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں مینجمنٹ کمیٹی کے ارکان بھی موجود ہیں

چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو / صدر واپڈا ٹاؤن مینجمنٹ کمیٹی انجینئر مظفر علی عباسی نے کہا ہے کہ واپڈا ٹاؤن کے ذریعے ہم میپکو ملازمین اور ملتان کے عوام کو اعلیٰ رہائشی سہولیات اور بہترین ماحول فراہم کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ واپڈا ٹاؤن کے فیز I اور فیز II کے ذریعے میپکو ملازمین اور اہلیان ملتان کو بہترین معیار کی کالونی میسر آئی ہے۔ ہم فیز III میں بھی سابقہ روایات کو نہ صرف برقرار رکھیں گے بلکہ اس سے بہتر سہولیات اور ماحول فراہم کرنے کی کوشش کریں گے۔ وہ واپڈا ٹاؤن مینجمنٹ کمیٹی کے اجلاس سے خطاب کر رہے تھے۔ اجلاس میں سیکرٹری واپڈا ٹاؤن سعید احمد خان، نائب صدر شفقت اصغر طاہر، مینجمنٹ کمیٹی کے ارکان خواجہ حبیب الرحمٰن، راؤ ضیاء الرحمٰن، چوہدری محمد خالد، محمد عارف وینس، سید رضا الکبیر غزنوی، چوہدری مقبول احمد، چوہدری محمد یوسف واہلہ، مرزا سلیم بیگ، حاجی کاشف ممتاز اور اکاؤنٹس آفیسر نعیم ارشد نے شرکت کی۔ سیکرٹری واپڈا ٹاؤن ہاؤسنگ سوسائٹی سعید احمد خان نے کمیٹی کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ فیز III کے رہائشیوں کو تعلیم کی سہولت ان کی دہلیز پر پہنچانے کے لئے میڈیکل کالج، انجینئرنگ کالج اور انسٹی ٹیوٹ آف الائیڈ ہیلتھ سائنسز قائم کیا جائیگا۔ فیز II کے رہائشیوں کے لئے سکول بھی قائم کیا جا رہا ہے جبکہ فیز I میں ریسٹورنٹ اور بیکرز کا قیام عمل میں لایا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جلد ہی واپڈا ٹاؤن فیز I اور فیز II کی طرح جدید سہولیات سے آراستہ فیز تھری میپکو ملازمین اور ملتان کی عوام کے لئے قائم کیا جائیگا۔ انہوں نے کہا کہ وہ اپنی تمام صلاحیتیں سوسائٹی کے رہائشیوں کو مزید بہتر سہولیات فراہم کرنے پر صَرف کریں گے۔ اجلاس میں مختلف ترقیاتی منصوبوں کی منظوری بھی دی گئی۔

# فیلڈ آفیسرز واجبات کی وصولی کیلئے گزشتہ مہینوں کی کارکردگی کا تسلسل برقرار رکھیں۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مظفر علی عباسی

چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مظفرّ علی عباسی نے میپکو ریجن میں تمام فیکٹریوں کے میٹرز چیک کرنیکا حکم دیدیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ فوری طور پر ٹیمیں بنا کر ریجن میں نصب تمام صنعتی کنکشن کو مکمّل طور پر چیک کیا جائے اور قواعد کے مطابق میٹر باکس کھول کر چیکنگ کی جائے۔ وہ میپکو ہیڈ کوارٹر میں مختلف شعبوں کے افسران کے اجلاس سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے شعبہ ایم اینڈ ٹی کے افسران کو ہدایت کی کہ انڈسٹری خصوصاً آئل ملز، کولڈ سٹوریج اور آئس فیکٹریوں کے کنکشن چیک کریں اور اپنی رپورٹ 15 روز میں پیش کریں۔ انہوں نے ایم اینڈ ٹی کے افسران کو مزید ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ چیکنگ ٹیموں سے روزانہ کی بنیاد پر چیکنگ کی رپورٹ طلب کریں اور بجلی چوری کرنے والے صنعتی صارفین کے خلاف بھی سخت کاروائی کی جائے۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو نے کہا کہ خراب اور جلے ہوئے ٹرانسفارمرز مرمت کروانے کے لئے فوری طور پر ری کلیمیشن ورکشاپ بھجوائے جائیں۔ سب ڈویژنل، ڈویژنل دفاتر کی حدود میں کوئی خراب ٹرانسفارمر پایا گیا تو متعلّقہ افسران کے خلاف ایکشن لیا جائیگا۔ انہوں نے کہا کہ موسم گرما میں صارفین کو بہتر وولٹیج کے ساتھ بجلی فراہم کرنے اور ٹرپنگ سے چھٹکارا دلوانے کے لئے میپکو ریجن میں مکمّل ہونے والے تمام ہائی ٹینشن فیڈرز آپریشنل کئے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ صارفین کو سہولیات فراہم کرنا میپکو کی اولین ترجیح ہے اس میں کوتاہی اور غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔ اجلاس میں چیف انجینئر پلاننگ اینڈ انجینئرنگ محمد اکرم چوہدری، چیف انجینئر ٹی اینڈ جی ملک سعید وینس، ڈائریکٹر فنانس میاں انصار محمود، منیجر ایڈمن جلیل الرحمٰن، منیجر میٹریل مینجمنٹ نعمت اللہ قریشی، منیجر سول ورکس عبدالجبار، اسسٹنٹ منیجر سول راؤ محمد افضل، شعبہ ایم اینڈ ٹی، میٹریل مینجمنٹ، پلاننگ، سول ورکس اور کنسٹرکشن کے افسران نے شرکت کی۔



چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مظفرّ علی عباسی ملتان، مظفر گڑھ اور ساہیوال سرکلوں کے افسران کے اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

# خراب اور جلے ہوئے ٹرانسفارمرز مرمت کروانے کیلئے فوری طور پر ری کلیمیشن ورکشاپ بھجوانے کا حکم

## انڈسٹری خصوصاً آئل ملز، کولڈ سٹوریج اور آئس فیکٹریوں کے کنکشن چیک کریں۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر کی شعبہ ایم اینڈ ٹی کے افسران کو ہدایت

چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مظفرّ علی عباسی نے کہا ہے کہ فیلڈ آفیسرز واجبات کی وصولی کے لئے گزشتہ مہینوں کی کارکردگی کا تسلسل برقرار رکھیں۔ رواں مہینے کے نتائج پورے مالی سال کے نتائج پر اثر انداز ہوں گے لہذا بہتر نتائج کے لئے ہر ممکن کوشش کریں۔ ملتان، مظفرّ گڑھ اور ساہیوال سرکلوں کے افسران کے ساتھ الگ الگ اجلاسوں کے دوران انہوں نے کہا کہ گندم کی فصل کی کٹائی ہو گئی ہے لہذا افسران زرعی ٹیوب ویل صارفین سے رابطے میں رہیں اور گزشتہ مہینوں میں کی گئی بلوں کی اقساط کی ادائیگی کو یقینی بنائیں۔ انہوں نے ایکسین ممتاز آباد ڈویژن علی اکرم گجر بالخصوص ایس ڈی او گلبرگ قمر الزمان اور ایس ڈی او منظور آباد تاج محمود قمر کی کارکردگی کو سراہا اور موسیٰ پاک ڈویژن کے افسران کو اپنی کارکردگی بہتر بنانے کی ہدایت کی۔ ساہیوال اور مظفر گڑھ سرکلوں کے افسران کے اجلاس میں انہوں نے کہا کہ بیچ وائز ریکوری پر توجہ دیں اور فیڈر کے حساب سے لائن لاسز کے کنٹرول کو یقینی بنائیں۔ فیڈرز کی بائفرکیشن اور بیلنسنگ پر زور دیں تا کہ گرمیوں میں فیڈرز اوورلوڈ نہ ہوں۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر نے ہدایت کی کہ ٹاپ 20 رننگ ڈیفالٹرز کے کنکشنز منقطع کریں۔ انہوں نے ہدایت جاری کی کہ جہاں سب ڈویژنیں بہتر کارکردگی کا مظاہرہ نہیں کریں گی وہاں ہیڈ کوارٹر سے خصوصی ٹیمیں بھیجی جائیں گی جو ان سب ڈویژنوں کی مانیٹرنگ کریں گی۔ اجلاس میں چیف انجینئر / کسٹمر سروسز ڈائریکٹر راؤ ضیاء الرحمٰن، ڈائریکٹر فنانس میاں انصار محمود، ایڈیشنل ڈی جی انفارمیشن سسٹم میاں ندیم احمد، ڈائریکٹر کمرشل ملک امتیاز احمد، سپرینٹنڈنگ انجینئر میپکو ملتان سرکل شاہد حمید چوہان، ایس ای مظفرّ گڑھ سرکل ناصر ایاز گورمانی، ایس ای ساہیوال سرکل چوہدری محمد صدیق، ڈپٹی کمرشل منیجر میپکو ملتان سرکل اسد حماد، ایڈیشنل سپرینٹنڈنگ انجینئر میپکو کینٹ ڈویژن محمد اکرم بھٹّی، ایکسین، ریونیو آفیسرز اور ایس ڈی اوز نے شرکت کی۔

**ٹاپ 20 رننگ ڈیفالٹرز کے کنکشنز منقطع کریں۔ انہوں نے ہدایت جاری کی کہ جہاں سب ڈویژنیں بہتر کارکردگی کا مظاہرہ نہیں کریں گی وہاں ہیڈ کوارٹر سے خصوصی ٹیمیں بھیجی جائیں جو ان سب ڈویژنوں کی مانیٹرنگ کریں گی۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر کی ہدایت**

بدترین اندھاپن دل کا اندھاپن ہے (الحدیث)

## بہتر وولٹیج کیساتھ بجلی فراہمی اور ٹرپنگ کی شکایات کے خاتمہ کیلئے گرڈ اسٹیشنوں اور ٹرانسمیشن لائنوں کے 24 منصوبے مکمل

### ان منصوبوں پر مجموعی طور پر ایک ارب 23 کروڑ 27 لاکھ 69 ہزار روپے لاگت آئی



ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) نے موسم گرما میں صارفین کو بہتر وولٹیج کے ساتھ بجلی فراہم کرنے اور ٹرپنگ کی شکایات کے خاتمہ کے لئے گرڈ اسٹیشنوں اور ٹرانسمیشن لائنوں کے 24 منصوبے مکمل کئے ہیں۔ ایشیائی ترقیاتی بینک، ورلڈ بینک اور میپکو کی اپنی فنڈنگ سے رواں مالی سال 15-2014ء کے دوران مکمل ہونے والے ان منصوبوں پر مجموعی طور پر ایک ارب 23 کروڑ 27 لاکھ 69 ہزار روپے لاگت آئی ہے۔ یہ منصوبے ان علاقوں میں مکمل کئے گئے ہیں جہاں سسٹم اوورلوڈ تھا جس کی وجہ سے صارفین کو کم وولٹیج اور ٹرپنگ کی شکایات کا سامنا تھا۔ میپکو مسلسل اپنے ڈسٹری بیوشن سسٹم کی استعدادکار میں اضافہ کررہی ہے تاکہ بڑھتے ہوئے لوڈ اور بجلی کی ضروریات کو پورا کیا جاسکے۔ گرڈ اسٹیشنوں کی اپ گریڈیشن، آگ مینٹیشن اور توسیع کے 19 منصوبے ایک ارب 6 کروڑ 27 لاکھ روپے سے زائد لاگت سے مکمل کئے گئے ہیں ان منصوبوں میں ڈی جی خان شہر میں نیا 132KV ڈی جی خان II گرڈ اسٹیشن تعمیر کیا گیا ہے اس میں 26 کروڑ روپے کی لاگت سے 20/26 ایم وی اے کے دو پاورٹرانسفارمرز اور 2 لائن بے بھی نصب کی گئی ہیں جبکہ 132KV خانیوال روڈ ملتان گرڈ اسٹیشن میں 6 کروڑ روپے کی لاگت سے 40 ایم وی اے کا پاورٹرانسفارمر نصب کیا گیا ہے۔ 132KV صادق آباد گرڈ اسٹیشن میں 6 کروڑ روپے کی لاگت سے 40 ایم وی اے، 132KV چوک اعظم گرڈ اسٹیشن میں 4 کروڑ روپے کی لاگت سے 20/26 ایم وی اے، 132KV جلال پور پیروالہ گرڈ اسٹیشن میں 5 کروڑ روپے کی لاگت سے 20/26 ایم وی اے، 132KV مخدوم رشید گرڈ اسٹیشن میں 5 کروڑ روپے کی لاگت سے 20/26 ایم وی اے، 132KV رحیم یارخان I گرڈ اسٹیشن میں 4 کروڑ 14 لاکھ روپے مالیت سے 40 ایم وی اے، 66KV رنگ پور گرڈ اسٹیشن میں 2 کروڑ روپے کی لاگت سے 10/13 ایم وی اے، 132KV مظفرگڑھ گرڈ اسٹیشن میں 6 کروڑ روپے کی لاگت سے 40 ایم وی اے 132KV لڈن گرڈ اسٹیشن میں 3 کروڑ روپے کی لاگت سے 20/26 ایم وی اے استعدادکار کا پاورٹرانسفارمر نصب کیا گیا ہے۔ 66KV سے 132KV پر اپ گریڈ ہونے والے فتح پور گرڈ اسٹیشن کا منصوبہ 15 کروڑ روپے کی لاگت سے مکمل کیا گیا ہے اس میں 10/13 ایم وی اے کا پاورٹرانسفارمر بھی نصب کیا گیا ہے جبکہ 66KV نورسر گرڈ اسٹیشن کی استعدادکار بھی 132KV پر بڑھائی گئی ہے اور اس میں 10/13 ایم وی اے کے دو پاورٹرانسفارمرز بھی نصب کئے گئے ہیں اس منصوبے پر ساڑھے سات کروڑ روپے لاگت آئی ہے۔ 132KV شجاع آباد گرڈ اسٹیشن میں 4 کروڑ 25 لاکھ روپے کی لاگت سے مزید ایک 20/26 ایم وی اے کا پاورٹرانسفارمر نصب کیا گیا ہے جبکہ 132KV بی ٹی ایم اولڈ بوریوالہ گرڈ اسٹیشن میں 80 لاکھ روپے سے 2 لائن بے (Bays) اور پاورٹرانسفارمر بے (Bay) تعمیر کی گئی ہے۔ 132KV ہوتہ گرڈ اسٹیشن میں 80 لاکھ روپے کی لاگت سے ایک لائن بے، 132KV میاں چنوں گرڈ اسٹیشن میں 4 کروڑ روپے کی لاگت سے 20/26 ایم وی اے، 66KV یزمان گرڈ اسٹیشن میں اڑھائی کروڑ روپے کی لاگت سے ایک پاورٹرانسفارمر بے، 66KV داجل گرڈ اسٹیشن میں دوکروڑ روپے کی لاگت سے ایک پاورٹرانسفارمر بے، 132/66KV بہاولپور گرڈ اسٹیشن میں 79 لاکھ 96 ہزار روپے سے 40 ایم وی اے کی ایک پاورٹرانسفارمر بے، 132KV کوٹ ادو گرڈ اسٹیشن میں 80 لاکھ روپے سے 20/26 ایم وی اے کی ایک پاورٹرانسفارمر بے، 66KV یزمان گرڈ اسٹیشن میں 6.3 ایم وی اے کی ایک پاورٹرانسفارمر بے اور 66KV ڈاہراں والا گرڈ اسٹیشن میں 2 کروڑ 28 لاکھ روپے سے ایک پاورٹرانسفارمر بے تعمیر کی ہے۔ مذکورہ عرصہ میں ٹرانسمیشن لائنوں کے 5 منصوبے بھی مکمل کئے گئے ہیں جن پر 17 کروڑ روپے سے زائد لاگت آئی ہے۔ رحیم یارخان شوگرملز سے بجلی کی خریداری کے لئے 20.6 کلومیٹر طویل ٹرانسمیشن لائن 11 کروڑ 20 لاکھ روپے کی لاگت سے بچھائی گئی ہے جبکہ بی ٹی ایم اولڈ بوریوالہ میں سیکنڈ سرکٹ سے بجلی فراہمی کے لئے 3.1 کلومیٹر ٹرانسمیشن لائن بچھانے پر 40 لاکھ روپے، قائداعظم سولر پارک فیز I کو 132KV سرکٹ سے ملانے کے لئے ایک کلومیٹر طویل ٹرانسمیشن بچھانے پر 71 لاکھ 27 ہزار روپے، 500KV گرڈ اسٹیشن ڈی جی خان سے انٹر کنکشن کے لئے اعشاریہ 5 کلومیٹر لائن بچھانے پر 69 لاکھ روپے اور ڈی جی خان II گرڈ اسٹیشن کو سپلائی فراہم کرنے کے لئے 2 کلومیٹر طویل ٹرانسمیشن لائن بچھانے پر 4 کروڑ روپے لاگت آئی ہے۔

## محدود وسائل کیساتھ میپکو ملازمین نے اپنی محنت اور لگن سے میپکو کو آج پاکستان کی نمبرون کمپنی بنادیا ہے۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مظفرّ علی عباسی



چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مظفرّ علی عباسی ہیڈ کوارٹر میں یو ایس ایڈ کے اعلیٰ سطحی اجلاس سے خطاب کرر ہے ہیں۔ سلیم عارف، شفیق الرحمٰن، ڈک ڈمفورڈ اور میپکو افسران بھی شریک ہیں

چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مظفرّ علی عباسی نے کہا ہے کہ یو ایس ایڈ کے ساتھ مشترکہ منصوبوں سے میپکو کی کارکردگی بہتر بنانے میں مدد ملی ہے۔ وہ یو ایس ایڈ پی ڈی پی کے ساتھ ایک اعلیٰ سطحی اجلاس سے خطاب کرر ہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ محدود وسائل کے ساتھ میپکو ملازمین نے اپنی محنت اور لگن سے میپکو کو آج پاکستان کی نمبرون کمپنی بنادیا ہے۔ کمپنی کی کارکردگی پر روشنی ڈالتے ہوئے انہوں نے کہا کہ گزشتہ سال کے مقابلے میں میپکو نے اپنے لائن لاسز میں 0.5 فیصد کمی کی ہے۔ گزشتہ سال کے اسی عرصہ میں لائن لاسز کی شرح 16.2 فیصد تھی جو کم ہوکر اب 15.7 فیصد ہے جبکہ ریکوری کی شرح 95.69 فیصد تھی جو اب بڑھ کر 104.01 فیصد ہوگئی ہے۔ اسی طرح میپکو نے 10 ارب روپے سے زائد کے واجبات وصول کئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایفی شینسی انڈکس کے لئے نیپرا کے ہمارے لئے ٹارگٹ 85 فیصد مقرر کیا تھا جبکہ میپکو نے ٹارگٹ سے بڑھ کر شرح حاصل کی ہے۔ یو ایس ایڈ کی جانب سے منصوبوں کی جائزہ رپورٹ پیش کرتے ہوئے عارف سلیم اور شفیق الرحمٰن نے بتایا کہ سمارٹ میٹروں کی 80 فیصد تنصیب مکمّل ہوچکی ہے۔ 15 جون تک تمام 20786 میٹروں کی تنصیب مکمّل ہوجائے گی۔ میپکو جی آئی ایس میپنگ اور سنرجی استعمال کرنے والی پاکستان کی پہلی کمپنی بن گئی ہے۔ HT اور LT میٹر بھی تیزی سے نصب کئے جارہے ہیں اور اگلے ہفتے تک مکمّل کر لئے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ تمام 9 آپریشن سرکلوں میں پلاننگ کے دفاتر قائم کئے جاچکے ہیں اور جلد مکمّل آپریشن شروع کردیں گے۔ وہاڑی اور بہاولنگر سرکلوں میں جی آئی ایس میپنگ مکمّل ہوچکی ہے۔ ملتان سرکل کے لئے کمپیوٹر، لیپ ٹاپ، گاڑیاں اور فرنیچر برائے کسٹمر سروس سنٹر فراہم کیا جارہا ہے۔ ملتان سرکل کی سب ڈویژن کی برانڈنگ کی جارہی ہے۔ A B C کیبل کی تنصیب کے بارے میں بتایا گیا کہ 137 کلومیٹر تار بچھائی جاچکی ہے۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو نے کہا کہ شہری علاقوں میں اس کیبل کی تنصیب جلد شروع کی جائے۔ 188 اربن سکیمیں یو ایس ایڈ کو فراہم کی گئی ہیں ان کو جلد از جلد مکمّل کیا جائے۔ اجلاس میں یو ایس ایڈ کی جانب سے ڈک ڈمفورڈ، چیف انجینئر کسٹمر سروسز میپکو راؤ ضیاء الرحمٰن، چیف انجینئر ٹیکنیکل فضل اللہ درانی، فنانس ڈائریکٹر میاں انصار محمود، ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل آئی ایس میاں ندیم احمد، منیجر ایچ آر ایم لیاقت علی میمن، منیجر ایڈمن جلیل الرحمٰن، پراجیکٹ ڈائریکٹر جی ایس سی شاہد اقبال چوہدری، منیجر ایم اینڈ ٹی محمد عمر لودھی اور عبدالغنی نے شرکت کی۔

## بجلی چوری کرنیوالے صارفین سے فوری طور پر جرمانہ وصول کیا جائے۔ میپکو چیف

### 31 ہزار سمارٹ میٹرز کی تنصیب کا ٹارگٹ 30 جون 2015ء تک مکمّل کرلیا جائیگا۔ ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل میاں ندیم احمد کی بریفنگ



چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مظفرّ علی عباسی کو سمارٹ میٹرز کے حوالے سے بریفنگ دی جارہی ہے

چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مظفرّ علی عباسی نے کہا ہے کہ ریجن بھر میں نصب ہونے والے سمارٹ میٹرز کی مانیٹرنگ کی جائے اور ان کی چیکنگ کر کے رپورٹ ہیڈ کوارٹر بھجوائی جائے تا کہ بجلی کے استعمال اور ریڈنگ کی درست معلومات حاصل ہوسکیں۔ وہ میپکو کمپیوٹر سنٹر میں قائم اے ایم آئی سیل میں مختلف شعبوں کے افسران سے خطاب کرر ہے تھے۔ انہوں نے شعبہ ایم اینڈ ٹی کے افسران کو ہدایت کی کہ وہ سمارٹ میٹرز کی چیکنگ کو یقینی بنائیں اور روزانہ کی بنیاد پر فیلڈ ٹیموں سے چیکنگ کی رپورٹ لیں۔ بجلی چوری کرنے والے صارفین سے فوری طور پر جرمانہ وصول کیا جائے۔ ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل انفارمیشن سروسز میاں ندیم احمد نے سمارٹ میٹرز کے حوالے سے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ میپکو ریجن کے زیر انتظام علاقوں میں 20 کلوواٹ اور اس سے زائد لوڈ کے حامل 19 ہزار صارفین کے سمارٹ میٹرز نصب کردیئے گئے ہیں جبکہ 31 ہزار سمارٹ میٹرز کی تنصیب کا ٹارگٹ 30 جون 2015ء تک مکمّل کرلیا جائیگا۔ انہوں نے بتایا کہ صنعتی صارفین کے انڈی پینڈنٹ فیڈرز پر سمارٹ میٹرز کی تنصیب کی جاچکی ہے۔ اس موقع پر چیف انجینئر راؤ ضیاء الرحمٰن، ایڈیشنل ڈائریکٹر کسٹمر سروسز ملک امتیاز احمد، سٹاف آفیسر کامران ظہور، منیجر ایم اینڈ ٹی محمد عمر لودھی اور عبدالغنی اور دیگر افسران بھی موجود تھے۔

# انتظامیہ، انجینئرز اور لیبر باہمی ہم آہنگی سے کمپنی کی ترقی کیلئے کام کررہے ہیں۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مظفرّ علی عباسی

## میپکو کی کارکردگی نے انجینئرز کے لئے بہت سے نئی جہتیں اور راہیں کھول دی ہیں۔ میپکو انجینئرز ایسوسی ایشن کے وفد سے ملاقات میں اظہار خیال



چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مظفرّ علی عباسی سے میپکو انجینئرز ایسوسی ایشن کا وفد صدر انجینئر شاہد حمید چوہان کی سربراہی میں ملاقات کررہا ہے۔
ڈائریکٹر ایچ آر اینڈ ایڈمن محمد نعیم اللہ، چیف انجینئر پلاننگ محمد اکرم چوہدری اور دیگر افسران بھی ہمراہ ہیں

چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مظفرّ علی عباسی نے کہا ہے کہ میپکو میں انجینئرز کے مفادات کا خیال رکھا جارہا ہے۔ میپکو کی کارکردگی نے انجینئرز کے لئے بہت سے نئی جہتیں اور راہیں کھول دی ہیں۔ انتظامیہ، انجینئرز اور لیبر باہمی ہم آہنگی سے کمپنی کی ترقی کے لئے کام کررہے ہیں۔ ہم سب میپکو میں شراکت رکھتے ہیں ہم ہی اس کو ترقی کی کامیابی کی نئی راہوں پر لے جائیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے میپکو ہیڈ کوارٹر میں صدر انجینئرز ایسوسی ایشن انجینئر شاہد حمید چوہان کی سربراہی میں وفد سے ملاقات کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہم سب نے میپکو کو ناکامی کے گڑھے سے نکالنے کے لئے قربانیاں دی ہیں مگر ان قربانیوں کا ثمر اس قدر لذیذ اور اطمینان بخش ہے کہ ہم سب مزید قربانی کے لئے بھی تیار ہیں۔ سپریٹنڈنگ انجینئر میپکو ملتان سرکل شاہد حمید چوہان نے اس موقع پر کہا کہ میپکو کی قیادت نے ہمیں حوصلہ بخشا ہے اور ہم نے مسائل سے نبرد آزما ہوکر کامیابی حاصل کی ہے۔ آج میپکو میں کسان بھی بخوشی بل جمع کروا رہے ہیں۔ 3500 ٹرانسفارمرز فیلڈ میں لگانے سے سسٹم میں بہتری آئی ہے۔ ٹو فیز پر چلنے والے 900 ٹرانسفارمرز تھری فیز پر لگائے گئے۔ میپکو حکام کی صارفین کے مسائل حل کرنے میں دلچسپی کے باعث بہاولپور اور وہاڑی میں دو ٹرانسفارمرز ری کلیمیشن ورکشاپس تکمیل کے قریب ہیں۔ 45 سب ڈویژنوں میں ہینڈ ہیلڈ یونٹ (ایچ ایچ یو) کے ذریعے ریڈنگ کا سلسلہ جاری ہے جبکہ جدید ریڈنگ کا دائرہ کار وسیع کرنے کے لئے 90 سب ڈویژنوں کو 350 موبائل فراہم کئے جارہے ہیں۔ نئے کنکشنوں کی فراہمی کی رفتار بھی ٹھیک ہوگئی ہے اب ایک ماہ میں نئے کنکشنز فراہم کئے جارہے ہیں۔ انہوں نے ایسوسی ایشن کے مطالبات کے جواب میں کہا کہ میپکو میں نئی سب ڈویژنوں، ڈویژنوں اور سرکل کے قیام کے لئے نیپرا کا کیسز بھیجے گئے ہیں۔ ٹرانسپورٹ پالیسی اور اعلیٰ فیلڈ افسران کو نئی گاڑیوں کی فراہمی کے لئے انتظامیہ کو ہدایت کردی ہے۔ سرکاری رہائش گاہوں سے قابضین کو نکال دیا گیا ہے اور اب میرٹ پر رہائش گاہیں الاٹ کی جارہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کسی بھی افسر پر اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے پر پابندی نہیں ہے۔ اس موقع پر ڈائریکٹر ایچ آر اینڈ ایڈمن محمد نعیم اللہ، چیف انجینئر پلاننگ محمد اکرم چوہدری، سیکرٹری ایسوسی ایشن انجینئر علی اکرم گجر، انجینئر رضا ظفر، انجینئر چوہدری خالد محمود، انجینئر یعقوب گدارہ، انجینئر ملک ساجد ڈومرا، انجینئر بابر گجر، انجینئر محمد علی یاسر، انجینئر صغر گھلو، انجینئر شوکت حسین، انجینئر سعد شفیق، انجینئر ریحان علی چوہان بھی موجود تھے۔



# ریٹائر ہونے والے ملازمین بعد میں بھی ہمارے لئے عزت واحترام کے قابل ہیں

## ڈائریکٹر ایچ آر اینڈ ایڈمن میپکو محمد نعیم اللہ

ڈائریکٹر ایچ آر اینڈ ایڈمن میپکو محمد نعیم اللہ نے کہا ہے کہ باعزت طریقے سے ریٹائرمنٹ بہت مشکل ہے جو ملازم بغیر کسی کاروائی کے سروس سے رخصت ہو وہ اس کے لئے قابل عزت بات ہے۔ وہ میپکو ہیڈ کوارٹرز میں منعقدہ 74 ویں ریٹائرمنٹ تقریب سے خطاب کررہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ شعبہ ایڈمن اور فنانس کے لئے اعزاز ہے کہ انہوں نے اعلیٰ اور اچھی روایات قائم کیں اور ملازمین کو 60 سالہ سروس پوری کرنے پر باعزت طریقے سے رخصت کرنے کے لئے ماہانہ تقاریب کا انعقاد کیا جارہا ہے اور مجھے امید ہے کہ آئندہ بھی یہ سلسلہ جاری رہیگا۔ انہوں نے کہا کہ پنشن حاصل کرنا آج سے کچھ عرصہ قبل نہایت کٹھن امر تھا مگر اب ریٹائر ملازمین کو نہایت عزت واحترام سے پنشن دی جارہی ہے۔ ریٹائر ہونے والے ملازمین بعد میں بھی ہمارے لئے عزت واحترام کے قابل ہیں۔ میپکو انتظامیہ کے دروازے ان کے لئے ہمیشہ کھلے رہیں گے۔ قبل ازیں ریٹائر ہونے والے ملازمین میں واجبات کے چیک، پنشن بکس اور تحائف تقسیم کئے گئے۔ تقریب میں ڈپٹی منیجر ٹی اینڈ ایم پی سہیل افضل، ڈپٹی منیجر لیگل ملک امیر عباس سامٹیہ، ڈپٹی منیجر کارپوریٹ اکاؤنٹس اقبال منور، اسسٹنٹ منیجر سروسز عبدالرزاق کاشف، سمیع اللہ قریشی و دیگر نے شرکت کی۔

# کسی بھی معاشرے کی تعمیر و ترقی میں کھیل بہت اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر انجینئر مظفرّ علی عباسی



چیف ایگزیکٹو آفیسر انجینئر مظفرّ علی عباسی لان ٹینس ٹورنامنٹ 2015ء میں پہلی پوزیشن حاصل کرنے پر میپکو ویمن ٹیم میں کیش انعامات اور تحائف تقسیم کر رہے ہیں۔ ڈائریکٹر ایچ آر اینڈ ایڈمن محمد نعیم اللہ، صدر میپکو سپورٹس کمیٹی راؤ ضیاء الرحمٰن، منیجر لان ٹینس ٹیم ملک امتیاز احمد، سپورٹس آفیسر شرافت علی بھی موجود ہیں

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) کے چیف ایگزیکٹو آفیسر انجینئر مظفرّ علی عباسی نے کہا ہے کہ کسی بھی معاشرے کی تعمیر و ترقی میں کھیل بہت اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ کھیلوں کی بدولت معاشرے کو ذہنی اور جسمانی طور پر چست اور توانا افراد میسر آتے ہیں جو اپنی صلاحیت سے ملک و قوم کو ترقی سے بہرہ مند کرتے ہیں۔ کھیلوں میں دلچسپی اور لگاؤ کا تناسب ایک معاشرے یا قوم کی مثبت اندازِ فکر کو بھی ظاہر کرتا ہے جس سے ہمیں کھیلوں کی ہمہ جہت اہمیت کا اندازہ ہوتا ہے۔ یہ بات انہوں نے ملتان میں منعقدہ واپڈا انٹر یونٹ لان ٹینس ٹورنامنٹ کے موقع پر تقریب تقسیم انعامات سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ خواتین کے مقابلوں میں میپکو کی نمبر ون پوزیشن اعزاز کی بات ہے۔ انہوں نے میپکو ٹینس ٹیم کی کھلاڑیوں اوشنا سہیل، ایشا جاوید اور شہلا نذیر کی کارکردگی کو سراہا اور انہیں مبارکباد دی۔ قبل ازیں چیف ایگزیکٹو آفیسر نے میپکو ٹینس ٹیم کی تینوں کھلاڑیوں میں کیش انعامات اور تحائف بھی تقسیم کئے۔ تقریب میں ڈائریکٹر ایچ آر اینڈ ایڈمن محمد نعیم اللہ، صدر میپکو سپورٹس کمیٹی راؤ ضیاء الرحمٰن، سیکرٹری علی اکرم گجر، منیجر لان ٹینس ٹیم ملک امتیاز احمد، سپورٹس آفیسر شرافت علی، کیپٹن (ر) سرفراز احمد خان، ہیڈ کوچ میپکو ٹینس ٹیم محمد اقبال اور دیگر موجود تھے۔

## لان ٹینس ٹورنامنٹ میں میپکو خواتین کی پہلی پوزیشن

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) لان ٹینس وویمن ٹیم نے واپڈا انٹر یونٹ لان ٹینس ٹورنامنٹ 2015ء میں سنگل مقابلوں میں پہلی پوزیشن حاصل کر لی ہے۔ میپکو کھلاڑیوں نے اپنے اعزاز کا دفاع کرتے مسلسل چوتھی بار ایونٹ کا ٹائٹل اپنے نام کر کے کمپنی، واپڈا اور ملک و قوم کا نام روشن کیا جبکہ ٹیم ایونٹ میں دوسری پوزیشن حاصل کی ہے۔ ٹیم ایونٹ میں لیسکو (لاہور) نے پہلی، فیسکو (فیصل آباد) نے تیسری پوزیشن حاصل کی ہے۔ ٹورنامنٹ کمیٹی کی جانب سے جاری کئے گئے نتائج کے مطابق آفیسرز سنگل ایونٹ میں میپکو کے علی اکرم گجر نے فائنل کے لئے کوالیفائی کر لیا ہے۔



تحریر: ساجد یعقوب
کمپنی سیکرٹری میپکو

# حسد کی برائی

حسد و کینہ ایسی بری عادت ہے جس کی مذمت کے بارے میں بہت سی احادیث بیان ہوئی ہیں۔ یہ تو ظاہر ہے کہ حسد نعمت پر ہی ہوا کرتا ہے۔ پس جب اللہ تبارک وتعالیٰ کسی بندہ کو نعمت عطاء فرمائے تو دوسرے شخص کو اُس کے پاس وہ نعمت بری معلوم ہو اس کو حسد کہیں گے۔ حضرت سیدنا آدمؑ کی تخلیق کے بعد سب سے پہلے حسد کرنے والا ابلیس ہے اور یہ حاسدین کا قائد ہے۔ حضرت آدمؑ کی اولاد میں حسد کی آگ میں جلنے والا قابیل ہے جس نے اپنے بھائی ہابیل کو قتل کر دیا۔

حسد کے تین درجے ہیں پہلا درجہ یہ ہے کہ حاسد دوسروں کی نعمت کا زوال چاہے کہ خواہ مجھے نہ ملے مگر اس کے پاس سے بھی جاتی رہے۔ دوسرا درجہ یہ ہے کہ حاسد دوسرے کی نعمت خود لینا چاہے کہ فلاں کا باغ یا اُس کی جائیداد میرے پاس آجائے یہ حسد بھی مسلمانوں کے حق میں حرام ہے۔ تیسرا درجہ یہ ہے کہ حاسد اس نعمت کے حاصل کرنے سے خود تو عاجز ہے مگر آرزو کرتا ہے کہ دوسرے کہ پاس بھی نہ رہے تاکہ وہ مجھ سے آگے نہ نکل جائے یہ بھی منع ہے۔

حسد کے کل سات اسباب ہیں پہلا سبب عداوت اور بغض ہے جس سے کسی کو ایذاء پہنچ جائے۔ پہلے تو وہ اس سے بدلہ لینے کی کوشش کرتا ہے اور مجبور ہو جاتا ہے کہ اس پر غیبی مار پڑے وہ اس کی مصیبت سے خوش اور آرام سے ناخوش ہوتا ہے جیسا کہ **ارشاد باری تعالیٰ ہے**؛۔

ترجمہ: اگر آپ ﷺ کو بھلائی پہنچے تو ان کو برا لگتا ہے:۔

**(آل عمران:۰۲۱)**

دوسرا سبب تکبّر ہے کہ حاسد اپنی بڑائی کا خواہشمند ہے ارشاد خداوندی ہے: کیوں نہ اُتارا گیا یہ قرآن مجید ان دو شہروں کے کسی بڑے آدمی پر:۔

**(الزخرف:۱۳)**

تیسرا سبب سرداری کی خواہش ہے کہ حاسد چاہتا ہے کہ سب میرے حاجت مند ہوں۔ چوتھا سبب غصب اور بڑائی ہے۔ پانچواں سبب یہ ہے کہ حاسد دوسروں کے کمال میں اپنا زوال سمجھے کہ اگر وہ کامیاب ہو گئے ہیں تو میں ناکام ہو جاؤں گا۔ چھٹا سبب حُب حکومت ہے کہ میں اپنے کمال میں بے نظیر رہوں کہ میرے برابر اور دوسرا نہ نکلے اور سب سے بڑھ کر حاسد کی کم ظرفی اور کمینہ پن یہ ہے کہ اُس سے کسی کا خوشحال ہونا دیکھا نہیں جاتا۔ حضرت انس بن مالک سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ کا فرمان عالی شان ہے:۔ آپس میں حسد نہ کرو اور قطع تعلّق نہ کرو ایک دوسرے سے بغض نہ رکھو اور ایک دوسرے سے دشمنی نہ کرو اور اللہ کے بندے اور بھائی بھائی بنے رہو۔

**(ابن ماجہ حدیث نمبر ۹۴۸۳)**

اللہ تعالیٰ تمام مسلمانوں کو حسد و کینہ کی برائی سے محفوظ رکھے اور اعلیٰ ظرف عطاء فرمائے (آمین)




# روشن پاکستان کا عزم

## ملتان الیکٹرک پاور کمپنی اپنے صارفین کی خدمت میں ہمہ وقت سرگرم عمل

### ٹرپنگ اور کم وولٹیج کی شکایات کے خاتمے کیلئے تقسیمی اور ترسیلی نظام کے 26 منصوبوں کی تکمیل

### 1 ارب 27 کروڑ کی لاگت سے صارفین کو بجلی کی بہتر فراہمی

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی نے گزشتہ 1 سال کے دوران میپکو ریجن میں بجلی کی بہترین سروسز فراہم کرنے کیلئے گرڈ اسٹیشنوں کے 26 منصوبے مکمل کئے۔ جن کی تکمیل سے ان گرڈز سے منسلک صارفین کی بجلی کی بار بار ٹرپنگ اور کم وولٹیج کی شکایات کا خاتمہ ہوگیا ہے۔ میپکو نے جن منصوبوں پر انتہائی قلیل مدت میں کام مکمل کیا ہے وہ درج ذیل ہیں۔

| گرڈاسٹیشن کا نام | لاگت | کام کی تفصیل | گرڈاسٹیشن کا نام | لاگت | کام کی تفصیل |
|---|---|---|---|---|---|
| 132KV ڈی جی خان۔ II | 26 کروڑ روپے | 20/26 ایم وی اے کے 2 پاورٹرانسفارمرز اور لائن بے کی تنصیب | 132KV میاں چنوں | 4 کروڑ روپے | 20/26 ایم وی اے کے ایک پاورٹرانسفارمر کی تنصیب |
| 132KV فتح پور | 15 کروڑ روپے | 66KV سے 132KV پراپ گریڈیشن، 10/13 ایم وی اے پاورٹرانسفارمر کی تنصیب | 66KV رنگ پور | 2 کروڑ روپے | 10/13 ایم وی اے کے ایک پاورٹرانسفارمر کی تنصیب |
| 132KV نور سر | 7 کروڑ 50 لاکھ روپے | 66KV سے 132KV پراپ گریڈیشن، 10/13 ایم وی اے پاورٹرانسفارمر کی تنصیب | 132KV بی ٹی ایم اولڈ بوریوالہ | 80 لاکھ روپے | 2 لائن بے اور پاورٹرانسفارمر بے کی تنصیب |
| 132KV خانیوال روڈ ملتان | 6 کروڑ روپے | 40 ایم وی اے کے ایک پاورٹرانسفارمر کی تنصیب | 132KV ہوتہ | 80 لاکھ روپے | ایک لائن بے کی تنصیب |
| 132KV صادق آباد | 6 کروڑ روپے | 40 ایم وی اے کے ایک پاورٹرانسفارمر کی تنصیب | 66KV داجل | 2 کروڑ روپے | ایک پاورٹرانسفارمر بے کی تنصیب |
| 132KV چوک اعظم | 4 کروڑ روپے | 20/26 ایم وی اے کے ایک پاورٹرانسفارمر کی تنصیب | 66KV ڈاہراں والا | 2 کروڑ 83 لاکھ روپے | ایک پاورٹرانسفارمر بے کی تنصیب |
| 132KV جلال پور پیروالہ | 5 کروڑ روپے | 20/26 ایم وی اے کے ایک پاورٹرانسفارمر کی تنصیب | 132KV کوٹ ادو | 80 لاکھ روپے | 20/26 ایم وی اے پاورٹرانسفارمر بے کی تنصیب |
| 132KV مخدوم رشید | 5 کروڑ روپے | 20/26 ایم وی اے کے ایک پاورٹرانسفارمر کی تنصیب | 66KV یزمان | 2 کروڑ 25 لاکھ روپے | 6.3 ایم وی اے پاورٹرانسفارمر بے کی تنصیب |
| 132KV رحیم یارخان | 4 کروڑ 14 لاکھ روپے | 40 ایم وی اے کے ایک پاورٹرانسفارمر کی تنصیب | ٹرانسمیشن لائن رحیم یارخان | 11 کروڑ 20 لاکھ روپے | رحیم یارخان شوگر ملز سے بجلی خریداری کے لئے 20.6 کلومیٹر ٹرانسمیشن لائن |
| 132KV مظفر گڑھ | 6 کروڑ روپے | 40 ایم وی اے کے ایک پاورٹرانسفارمر کی تنصیب | ٹرانسمیشن لائن بی ٹی ایم اولڈ بوریوالہ | 40 لاکھ روپے | سیکنڈ سرکٹ سے بجلی فراہمی کے لئے 3.1 کلومیٹر ٹرانسمیشن لائن |
| 132KV لڈن | 3 کروڑ روپے | 20/26 ایم وی اے کے ایک پاورٹرانسفارمر کی تنصیب | قائداعظم سولر پارک ٹرانسمیشن لائن | 71 لاکھ 27 ہزار روپے | 132KV سرکٹ سے ملانے کے لئے ایک کلومیٹر ٹرانسمیشن لائن |
| 132KV شجاع آباد | 4 کروڑ 25 لاکھ روپے | 20/26 ایم وی اے کے ایک پاورٹرانسفارمر کی تنصیب | ٹرانسمیشن لائن ڈی جی خان | 69 لاکھ روپے | انٹر کنکشن کے لئے 0.5 کلومیٹر ٹرانسمیشن لائن |
| 132/66KV بہاولپور | 79 لاکھ 96 ہزار روپے | 40 ایم وی اے پاورٹرانسفارمر بے کی تنصیب | ٹرانسمیشن لائن ڈی جی خان II گرڈاسٹیشن | 4 کروڑ روپے | گرڈاسٹیشن کو سپلائی فراہم کرنے کے لئے 2 کلومیٹر ٹرانسمیشن لائن |

## ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو)

www.mepco.com.pk

میپکو۔۔۔ خدمت و سہولت، قدم بہ قدم